ہیلو، فیملی!

اگلے مہینے کے دوران ہماری کلاس اپنے ملک میں گھوم کر یہ پتہ لگانے کی کوشش کرے گی کہ وہ کون سے عوامل ہیں جو امریکہ کو خاص بناتے ہیں۔ کتابوں کے ذریعہ، بچے ہمارے کچھ عظیم رہنماؤں سے ملاقات کرتے ہیں، ہمارے نغمے گاتے ہیں، ہماری تہذیب سے آگاہی حاصل کرتے ہیں اور انہیں ہمارے مختلف مناظر اور الگ الگ قسم کے لوگوں کے بارے میں معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

ہم امریکہ کے پسندیدہ کھیل بیس بال کے بارے میں پڑھیں گے اور بچے اس "ترکیب پر مبنی" ایک کتاب لکھیں گے کہ وہ اپنے پسندیدہ کھیل کیسے کھیلتے ہیں۔ ہم کلاس میں امریکہ کے جھنڈے کے بارے میں جانیں گے پھر بچے ہمارے قصبے کے لیے ایک جھنڈا بنائیں گے۔

اسے گھر لائیں

ہم اسکول میں جو مہارتیں سیکھ رہے ہیں ان پر عمل کرنے کے لیے یہاں کچھ خیالات ہیں۔

بات کرنا شروع کریں

اپنے بچے کو کرکے دکھائیں کہ گفتگو کیسے شروع کرتے ہیں۔ نرمی اور واضح طور سے بات کرنے کے لیے اپنے بچے کو ابھاریں اور اسے ان الفاظ کے استعمال کے لیے کہیں۔

- *معاف فرمائیں۔ کیا آپ میرے ساتھ کھیلنا پسند کریں گے؟*
- *میں تمہیں بتانا چاہتا ہوں کہ* ______.

بڑے خیال کے الفاظ

جب آپ اپنے بچے کے ساتھ پڑھتے یا بات کرتے ہیں تو موضوع کے ان اہم الفاظ کا استعمال کریں:

تعلق (belong)

ملک (country)

حق (right)

ورڈ پلے

ایسے مہارتیں تیار کرنے میں مدد کے لیے آوازوں، حروف اور الفاظ کے ساتھ کھیلیں جو پڑھنے کے لیے اہم ہیں:

- اپنے بچے کو کسی خاص تلفظ والے *لفظ* سے شروع ہونے والی چیز کو تلاش کرنے کے لیے چیلنج کریں۔
- مانوس کتابیں پڑھیں۔ جملے کے آخری لفظ پر رک جائیں اور اپنے بچے سے اس لفظ کے آگے کچھ بڑھا کر پڑھنے کو کہیں۔

جاننے کے لیے الفاظ

ان الفاظ کو پڑھنے اور ہجّے کرنے کی مشق کریں کہ بچے ان کتابوں میں بہت کچھ دیکھیں گے جو وہ پڑھتے ہیں:

as	*come*	*cut*	*from*
get	*hot*	*if*	*must*
or	*our*	*red*	*said*
stop	*that*	*when*	*where*

آئیے مل کر پڑھتے ہیں

ہر روز اپنے بچے کے ساتھ پڑھنے کے لیے ایک خاص وقت اور جگہ بنائیں۔ جب آپ پڑھتے ہیں:

- کہانی کی تصاویر چھپا کر اپنے بچے کو کہانی میں ہونے والے واقعات کی تصویر کشی کرنے پر ابھاریں۔ اپنے بچے کے ذہن میں آنے والی تصاویر پر بات کریں اور کتاب میں موجود تصاویر سے ان کا موازنہ کریں۔
- مرکب الفاظ تلاش کریں جیسے *(cupcake ،doghouse)* اس بارے میں بات کریں کہ کیسے دو چھوٹے الفاظ معنی سمجھنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔

سکھانے کے لیے لکھنا

لفظ "how-to" سے شروع ہونے والے جملے لکھنے میں اپنے بچے کی مدد کریں:

- لفظ "how-to" سے شروع ہونے والے جملوں میں دی گئی ہدایات کو پڑھنے اور انہیں اپنانے میں اپنے بچے کا ساتھ دیں جیسے۔ کھانا بنانے کی ترکیب یا کسی گیم کے لیے دی گئی ہدایات۔
- جب آپ کا بچہ کسی کام کو کرنے کے طریقے کے بارے میں پوچھے تو آپ اس کی ایک فہرست بنائیں اور اسے با آواز بلند پڑھیں۔
- اپنے بچے کو ابھاریں کہ وہ دوسرے فیملی ممبرز کو وہ طریقے سکھائے جن سے وہ لطف اندوز ہوتا/ہوتی ہے۔

© Houghton Mifflin Harcourt Publishing Company. All rights reserved.